# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## نظامت فاصلاتی تعلیم

بی کام - سال سوم (سالانہ نظام)　　　مفوضہ کام - 1

اکاؤنٹنسی - II - Accountancy (اکائی 1 تا 12)

داخل کرنے کی آخری تاریخ:　　　　　جملہ نشانات: 30 Marks

---

### حصہ الف

**خالی جگہوں کو پر کیجئے۔　　　(10 x 1 = 10)**

i. حصص پر ____________ ادا کیا جاتا ہے۔

ii. رواں اثاثوں کی مثالیں ____________ ہیں۔

iii. فی حصص 10 روپے کے حساب سے 1,00,000 روپے کا سرمایہ ____________ روپے ہو گا۔

iv. غیر لمسی اثاثہ کی مثال ____________ ہے۔

v. سوپر منافع محسوب کرنے کا ضابطہ ____________ ہے۔

بتلائیے کہ ذیل کے بیانات صحیح ہیں یا غلط۔

i. ڈبنچرس پر سود ادا کیا جاتا ہے۔ (　　　)

ii. فرنیچر پر عائد فرسودگی کی رقم کو فرنیچر کھاتہ کے کریڈیٹ میں بتلایا جاتا ہے۔ (　　　)

iii. منافع کی رقم کو شرکاء کے سرمایہ کھاتہ کے کریڈیٹ جانب بتلایا جاتا ہے۔ (　　　)

iv. ساکھ غیر لمسی اثاثہ ہے۔ (　　　)

v. فرنیچر رواں اثاثے کی مثال ہے۔ (　　　)

### حصہ ب

**ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات دیجئے۔　　　(5 x 2 = 10)**

2. A، B اور C ایک شراکتی کاروبار میں ترتیب وار دو لاکھ روپئے، دو لاکھ روپئے اور ایک لاکھ روپئے مشغول کرتے ہیں اور سرمایہ کے تناسب میں نفع و نقصان کے حصص دار ہیں۔ مسٹر A کاروبار میں سرگرم حصہ لیتا ہے، اسی لئے اس کو ماہانہ 5,000 روپئے تنخواہ دی جاتی ہے۔ مسٹر B ذاتی کام کے لئے کاروبار سے 25,000 روپئے لیتا ہے جس پر 5٪ مکمل سال کا سود عائد کیا

جاتا ہے۔ مسٹر C کاروبار کے لئے 50,000 روپئے قرض فراہم کرتا ہے، جس پر 6 ماہ کے لئے سالانہ 10٪ سود دیا جاتا ہے۔ تینوں شرکاء کے سرمایہ کھاتہ کھولئے۔

3. چار کول لمیٹیڈ نے فی حصص 100 روپئے کے حساب سے 2,000 مساوی حصص جاری کرتی ہے۔ درخواست پر 20 روپئے، الاٹمنٹ پر 30 روپئے، پہلے کال پر 30 روپئے اور باقی آخری کال پر وصول طلب ہیں۔ تین ہزار درخواستیں حاصل ہوئی۔ ایک ہزار درخواست گزاروں کی رقم واپس کرتے ہوئے باقی درخواست گزاروں کی حصص الاٹ کیئے گئے۔ تمام رقومات حاصل ہوتے ہیں۔ عام اندراجات کیجئے۔

4. مسٹر A ایک کاروبار میں 4,00,000 روپئے مشغول کرتے ہیں۔ کاروبار میں نارمل منافع کی شرح 10٪ ہے۔ رواں سال کاروبار سے 1,00,000 روپئے منافع حاصل ہوتا ہے۔ منافع کی یہی مقدار اگلے سال برقرار رہنے کا امکان ہے۔ سوپر پرافٹ کے چار سال کی خریدی پر کاروبار کی ساکھ محسوب کیجئے۔

## حصہ ج

**ذیل کے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب مطلوب ہے۔** **(10 x 1 = 10)**

5. مکیش لمیٹیڈ نے فی حصص 10 روپئے کے حساب سے 1,00,000 مساوی حصص جاری کرتی ہے۔ 2 روپئے درخواست پر' 3 روپئے الاٹمنٹ پر' 2 روپئے پہلے کال پر اور باقی آخری کال پر وصول طلب ہیں۔ ایک لاکھ درخواستیں حاصل ہوئے تمام درخواست گزاروں کو حصص الاٹ کیئے گئے۔ آخری کال میں مسٹر B نے 200 حصص کی رقم ادا کرنے سے قاصد رہے۔ باقی حصص پر تمام رقومات حاصل ہوئے۔ عام اندراجات کے ساتھ ضروری کھاتے کھولیئے۔

6. ایک شراکتی کاروباری میں A اور B سرمایہ کے تناسب میں نفع و نقصان کے ذمہ دار ہیں۔ 31 ڈسمبر 2021 سال ختم پر ان کی بیلنس شیٹ کو ذیل میں دی گئی ہے۔

| Liabilities | Amount | Asset | Amount |
|---|---|---|---|
| Capital A | 5,00,000 | Buildings عمارت | 2,00,000 |
| B | 3,00,000 | Machinery مشنری | 2,00,000 |
| Reserve محفوظات | 100,000 | Furniture فرنیچر | 1,00,000 |
| Profit and Loss Account | 2,00,000 | Stock ذخیرہ | 2,00,000 |
| Creditors | 50,000 | Debtors | 2,00,000 |
| | | Bills | 50,000 |
| | | Cash in Hand | 1,00,000 |
| | | Cash at Bank | 1,00,000 |
| | 11,50,000 | | 11,50,000 |

حسبِ ذیل شرائط کے تحت مسٹر C کو کاروبار میں داخلہ دیا جاتا ہے۔

i. مسٹر C 1,00,000 روپے بطور ساکھ اوپر 2,00,000 روپے بطور سرمایہ مشغول کرے گا۔ مستقبل میں 5:3:2 کے تناسب میں نفع ونقصان کے حصے دار ہوں گے۔

ii. ساکھ کی رقم کو کاروبار میں رکھا جائے گا۔

iii. مشنری پر، فرنیچر پر 10٪ فرسودگی عائد کی جائے۔

iv. عمارت کی قدر میں 1,00,000 پیش قدری کی جائے۔

v. دین دار پر 5٪ مشکوک قرضوں کی گنجائش رکھی جائے۔

7. A لمیٹیڈ نے یکم جنوری 2018 کو کمار لمیٹیڈ سے ہائیر پرچیز پر مشین خرید تا ہے۔ مشین کی خریدی پر فوری 8,000 روپے ادا کرتا ہے اور ہر سال 31 ڈسمبر کو 8,000 روپے کی تین سالانہ قسطوں میں رقم کی ادائیگی کا اقرار کرتا ہے۔ مشین کی نقدی قیمت (Cash Price) 29,800 روپے ہے۔ 5٪ سالانہ سود عائد کیا جاتا ہے۔ مشین کی خریدی پر ہر سال ادا سود محسوب کیجئے۔

## مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## نظامت فاصلاتی تعلیم

بی کام - سال سوم (سالانہ نظام)　　　مفوضہ کام - 2

اکاؤنٹنسی - II - Accountancy (اکائی 13 تا 19)

داخل کرنے کی آخری تاریخ:　　　جملہ نشانات: 30 Marks

### حصہ الف

**خالی جگہوں کو پر کیجیے۔　　　(10 x 1 = 10)**

i. خالص منافع کی نسبت کو محسوب کرنے کا ضابطہ________________ہے۔

ii. مستقل اثاثوں کی مثالیں________________ہیں۔

iii. ڈبنچرس پر________________ادا کیا جاتا ہے۔

iv. کار سرمایہ کو محسوب کرنے کا ضابطہ________________ہے۔

v. کار سرمایہ کو محسوب کرنے کا ضابطہ________________ہے۔

بتلائیے کہ ذیل کے بیانات صحیح ہیں یا غلط۔

vi. رواں اثاثوں کو رواں ذمہ داریوں سے تقسیم کرنے پر رواں نسبت حاصل ہوتی ہے۔ (　　　)

vii. دفتری اخراجات کو نفع و نقصان کھاتہ کے ڈیبٹ جانب بتلایا جاتا ہے۔ (　　　)

viii. دین دار رواں اثاثہ ہے۔ (　　　)

ix. لین دار رواں ذمہ داریوں کی مثال ہے۔ (　　　)

x. فرسودگی کو اثاثہ کھاتے کے کریڈٹ کی جانب بتلایا جاتا ہے۔ (　　　)

### حصہ ب

**ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات دیجیے۔　　　(5 x 2 = 10)**

2. دوران سال 2021 میں X لمیٹیڈ 1,50,000 روپئے ادھار فروخت اور 50,000 روپئے نقد فروخت کرتا ہے۔ دین دار (Debtors) کا ابتدائی اور اختتامی میزان ترتیب وار 10,000 اور 20,000 روپئے ہے۔ Debtors Turn Over Ratio اور اوسط کللکشن مدت محسوب کیجئے۔

3. فروخت 6,00,000 روپے، خریدی 50,000 روپے، اجرت 50,000 روپے، افتتاحی مال 10,000 روپے، اختتامی مال 30,000 روپے، دفتری مصارف 50,000 روپے، تنخواہیں 50,000 روپے تب منافع۔۔۔۔۔ محسوب کیجئے۔

4. ذیل میں دیئے گئے بیلنس شیٹ کی مدد سے تقابلی بیلنس شیٹ (Comparative Balance Sheet) تیار کیجئے۔

Balance Sheet

| Liabilities | 2020 | 2021 | Assets | 2020 | 2021 |
|---|---|---|---|---|---|
| Share Capital | 2,00,000 | 4,00,000 | Cash in Hand | 50,000 | 1,00,000 |
| Reserve | 1,00,000 | 2,00,000 | Bank | 60,000 | 90,000 |
| Creditor | 50,000 | 1,00,000 | Building | 2,00,000 | 4,00,000 |
| Bills Payable | 70,000 | 50,000 | Machinery | 1,00,000 | 1,00,000 |
| Debenture | 1,00,000 | 1,60,000 | Stock | 50,000 | 1,00,000 |
| | | | Debtor | 60,000 | 1,20,000 |
| | 5,20,000 | 9,10,000 | | 5,20,000 | 9,10,000 |

## حصہ ج

**ذیل کے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب مطلوب ہے۔** **(10 x 1 = 10)**

5. یکم جنوری 2021 کو سورج لمیٹیڈ نے فی ڈبنچر 1,000 روپے کے حساب سے 2000 ڈبنچرس جاری کرتی ہے۔ درخواست پر 200 روپے، الاٹمنٹ پر 400 روپے اور باقی رقم پہلے اور آخری کال پر ادا طلب ہے۔ سالانہ 6٪ شرح سے ہر ماہ 6 ماہ میں سود ادا کیا جاتا ہے۔ تمام رقومات حاصل ہوتے ہیں عام اندراجات کے ساتھ ضروری کھاتے کھولیئے۔

6. ذیل میں 31 ڈسمبر 2021 سال ختم پر بیلنس شیٹ دی گئی ہے۔

| Liabilities | Amount | Asset | Amount |
|---|---|---|---|
| حصص سرمایہ | 1,00,000 | Cash نقدی | 1,00,000 |
| | 50,000 | Stock ذخیرہ | 50,000 |
| Reserve Debentures | 1,00,000 | Bills بلس | 50,000 |
| Creditors لین دار | 1,00,000 | Debtor دین دار | 1,00,000 |
| Bills بلس | 50,000 | Plant پلانٹ | 1,00,000 |
| ادا طلب مصارف | 50,000 | Furniture فرنیچر | 50,000 |
| | 11,50,000 | | 11,50,000 |

ذیل کی نسبتیں محسوب کیجئے۔

i۔ رواں نسبت (Current Ratio)　　　ii۔ ترشی نسبت (Quick Ratio)

Proprietary Ratio-iv Debt Equity Ratio-iii

7. ذیل میں دیئے گئے بیلنس شیٹ کی مدد سے فنڈ بہاؤ گوشوارہ تیار کیجئے۔

Balance Sheet

| Liabilities | 2020 | 2021 | Assets | 2020 | 2021 |
|---|---|---|---|---|---|
| Capital | 1,00,000 | 2,00,000 | Cash in Hand | 30,000 | 50,000 |
| Profit and Loss | 20,000 | 1,20,000 | Cash at Bank | 50,000 | 1,00,000 |
| Reserve | 30,000 | 70,000 | Stock | 70,000 | 90,000 |
| Creditor | 20,000 | 40,000 | Bills | 30,000 | 20,000 |
| Bills | 30,000 | 50,000 | Building | 1,00,000 | 2,00,000 |
| Debenture | 2,30,000 | 1,60,000 | Furniture | 2,00,000 | 1,80,000 |
| | 4,80,000 | 6,40,000 | | 4,80,000 | 6,40,000 |

مطابقتیں:

1. سال کے دوران فرنیچر پر 20000 فرسودگی عائد کیجیے۔
2. سال کے دوران عمارت پر 50000 فرسودگی عائد کیجیے۔
3. سال کے دوران محصول کے 20000 اور ڈیویڈینڈ (Dividend) کے 10000 ادا کیے گئے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## نظامت فاصلاتی تعلیم

بی کام - سال سوم (سالانہ نظام)　　　　مفوضہ کام - 3

اکاؤنٹنسی - II - Accountancy

داخل کرنے کی آخری تاریخ:　　　　جملہ نشانات: 30 Marks

---

**حصہ الف**　　　　**(1×10=10)**

**الف۔خالی جگہوں کو پر کیجیے۔**

(i) ـــــــــــــــــــــــ کو کمپنی کا بنیادی دستاویز کہتے ہیں۔

(ii) غیر لمسی اثاثے کی مثالیں ـــــــــــــــــــــــ ہیں۔

(iii) رواں اثاثوں کی مثالیں ـــــــــــــــــــــــ ہیں۔

(iv) خالص منافع کو محسوب کرنے کا ضابطہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ ہے۔

(v) حصص کی اجرائی پر درخواست پر حاصل رقم کا عام اندراج ـــــــــــــــــــــــ ہوتا ہے۔

**ب۔درج ذیل میں صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے:**

(vi) عوامی کمپنی حصص کی فروخت کے لیے پراسپیکٹس جاری کرتی ہے۔　(　　)

(vii) مثاوی حصص پر ترجیحی حصص کو ترجیح حاصل ہوتی ہے۔　(　　)

(viii) پلانٹ، عمارت مستقل اثاثے کی مثالیں ہیں۔　(　　)

(ix) دفتری مصارف کو نفع و نقصان کھاتے کے ڈیبٹ کی جانب بتلاتے ہیں۔　(　　)

(x) ساکھ کی رقم کو قدیم شرکاء آپس میں تقسیم کر لیتے ہیں۔　(　　)

**حصہ ب**

**ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات دیجیے۔**　　　　**(5 x 2 = 10)**

2۔ شراکتی کاروبار سے کیا مراد ہے؟ اس کے فوائد بیان کیجیے۔

3۔ فنڈز کے بہاؤ گوشوارہ کے مفہوم کو بیان کیجیے۔

4۔ رواں اور مستقل اثاثوں کے درمیان فرق کیجیے۔

5۔ ساکھ سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

6۔ فنڈز کے بہاؤ اور نقدی بہاؤ گوشوارہ کے درمیان کیا فرق ہے؟

## حصہ ج

**ذیل کے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب مطلوب ہے۔** **(10 x 1 = 10)**

7۔Hire Purchase System کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

8۔ شریک کی کاروبار سے سبک دوشی سے کیا مراد ہے؟ ایسے میں تیار کیے جانے والے کھاتوں کی وضاحت کیجیے۔